## فرمانِ مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

پیارے آقا، مکی مدنی مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا:

أَكْرِمُوْا أَوْلَادَكُمْ وَأَحْسِنُوْا أَدَبَهُمْ

**ترجمہ:** اپنی اولاد کا اِکرام کرو اور انہیں اچھے آداب سکھاؤ۔[1]

## اولاد کے 3 حقوق

**پیارے اسلامی بھائیو!** اولاد اللہ پاک کی ایک عظیم نعمت ہے، دین اسلام نے جس طرح والدین کے حقوق ادا کرنے کی تاکید فرمائی ہے، اسی طرح اولاد کے حقوق ادا کرنے کا بھی حکم فرمایا ہے، لہٰذا بیٹا ہو یا بیٹی اولاد کے والدین پر بہت سے حقوق ہیں۔ جن میں سے 3 حقوق ہم آج سیکھیں گے۔

آیئے سیکھتے ہیں:

### پہلا حق : اچھی ماں کا انتخاب

**وضاحت:** اولاد کا سب سے پہلا حق جو ان کی پیدائش سے بھی پہلے ہے، وہ اپنی اولاد کے لئے اچھی ماں کا انتخاب کرنا ہے کہ بچے کی زندگی میں ماں کی بڑی اہمیت ہے، ماں جتنی اچھی ہوگی، اَوْلاد کی تربیت اتنی ہی اچھی ہوگی کیونکہ عِلْم وتربیت کی ابتدا ماں کی گود سے ہی ہوتی ہے، لہٰذا نِکاح کے لئے اچھی بااخلاق و باکردار خاتون کا انتخاب کرنا اَوْلاد کا پہلا حق ہے۔ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: عورت سے نکاح کرنے میں 4 باتوں کا لحاظ کیا جاتا ہے: (1): مال (2): حسب، نسب (3): خوبصورتی اور (4): دین داری، پھر پیارے آقا، مدینے والے مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: تم دین داری کو ترجیح دو۔[2]

---

1 .... سنن ابن ماجہ، کتاب الادب، باب بر الوَالِد والاِحسان الی البنات، صفحہ: 591، حدیث: 3671۔

2 .... بخاری، کتاب النکاح، باب الاکفاء فی الدین، صفحہ: 1312، حدیث: 5090۔

## دوسرا حق: بچے کے کان میں اذان دینا

**وضاحت:** پیدائش کے بعد بچے کے کان میں اذان دینا سنت ہے۔[1] پیارے آقا، مکی مدنی مصطفےٰ صَلَّی اللہُ عَلَیۡہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کے ہاں بچّہ پیدا ہو اس کے دائیں کان میں **اذان** اور بائیں کان میں **اقامت** کہی جائے تو بچّہ اُمُّ الصِّبۡیان (یعنی مِرگی کے مرض *(Epilepsy)*) سے محفوظ رہے گا۔[2] امام اہلسنت امام احمد رضا خان رحمۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: بچہ پیدا ہونے کے بعد جو اذان میں دیر کی جاتی ہے، اس سے اکثر مرگی کا مرض ہو جاتا ہے، اگر بچہ کی پیدائش کے بعد پہلا کام یہ کیا جائے کہ نہلا کر بچے کے کان میں اذان و اقامت کہہ دی جائے تو اِنۡ شَآءَ اللہُ الۡکَرِیۡم! عمر بھر بلاؤں وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔[3] بچے کے کان میں اذان ویسے ہی دی جائے جیسے نماز کے لئے دی جاتی ہے، بہتر یہ ہے کہ سیدھے کان میں 4 مرتبہ اذان اور اُلٹے کان میں 3 مرتبہ تکبیر کہی جائے۔

## تیسرا حق: تَحۡنِیۡک (گُھٹی یا گُڑتی دینا)

**وضاحت:** کھجور یا کوئی میٹھی چیز اپنے منہ میں چبا کر بچے کے منہ میں رکھنے کو **تَحۡنِیۡک** کہتے ہیں۔اس کو **گُھٹی یا گُڑتی** بھی کہا جاتا ہے۔ تَحۡنِیۡک (گھٹی دینا) سنّت ہے۔[4]

**تَحۡنِیۡک سے متعلق مدنی پھول:** ❁ تَحۡنِیۡک (یعنی گُھٹی دینے) والا کھجور وغیرہ اپنے مُنہ میں چبا کر نَرم کرے، پھر بچے کے مُنہ میں ڈال دے ❁ آج کل تَحۡنِیۡک (یعنی گُھٹی دیتے) وقت کھجور وغیرہ اپنے منہ میں چبائے بغیر بچے کے منہ میں ڈال دی جاتی ہے، یہ تَحۡنِیۡک (یعنی گُھٹی دیتے) کا درست طریقہ نہیں ❁ تحنیک کسی نیک، صالح پرہیزگار سے کروانا بہتر ہے، اس کی برکتیں نصیب ہوں گیں۔

---

1 ...لمعات التنقیح، کتاب الصید والذبائح، باب العقیقۃ، جلد:7، صفحہ:220، تحت الحدیث:4158۔
2 ...الجامع الصغیر، صفحہ:545، حدیث:9085۔
3 ...ملفوظات اعلیحضرت، صفحہ:417/418۔
4 ...لمعات التنقیح، کتاب الصید والذبائح، جلد:7، صفحہ:164، تحت حدیث:4080۔

